17/11/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنیے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*.......مرکزی وزیرداخلہ کی صدارت میں فرید آباد میں شمالی زون کونسل کی میٹنگ منعقد ۔

*.......سعودی عرب کے مدینہ شہر میں المناک سڑک حادثے میں 45افراد جاں بحق// وزیر اعظم کا اظہار افسوس۔

*.......نوگام حادثاتی دھماکے میں جان بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ کی آج مختلف اہم شخصیات نے بندھائی ڈھارس // اسپتالوں میں زیر علاج زخمیوں کی عیادت۔

اور

*.......69ویں نیشنل اسکول گیمز کے تحت جموں میں انڈر 19گرلز زمرے کے ٹائیک وانڈومقابلے جاری ۔

NZC

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی صدارت میں نئی دلی میں شمالی زون کونسل کی میٹنگ منعقد ہوئی ۔ شمالی زون کونسل جموں کشمیر، لداخ ، چندی گڑھ ،دلی ،پنجاب ، ہریانہ ، راجستھان اور ہماچل پردیش پر مشتمل ہے ۔

میٹنگ میں جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ،وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور دیگر ریاستوں اور مرکزی کے زیر انتظام علاقوں کے سربراہوں نے بھی شرکت کی ۔اس موقعے پر دلی کے لال قلعہ دھماکے کے متاثرین کی یاد میں دو منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔

میٹنگ میں دیگر کئی اہم امور کے علاوہ ریاستونکے ما بین تال میل ، پانی کو شیئر کرنے کے معاملات اور ترقیاتی کاموں پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا ۔

وزیرا علیٰ

میٹنگ میں موجود وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیرکے ترقیاتی ویژن کا تفصیلی خلاصہ کیا ۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے لوگ امن پسند ہیں جو وکست بھارت اور وکست جموں کشمیر کیلئے کوشاں ہیں۔

وزیرا علیٰ نے مالی مدد فراہم کرنے کیلئے مرکزی سرکار کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہاکہ جمونکشمیر جمہوری اداروں میں مکمل یقین کے ساتھ قومی ترقی کیلئے پر عزم ہے۔

فوجی سربراہ

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیودی نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں دہشت گردانہ سرگرمیوں میں نمایاں گراوٹ آئی ہے ۔ نئی دلی میں چانکیہ دفاعی مذاکرات2025کے تعلق سے ممکنہ امور کے بارے میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جنرل دیودی نے کہا کہ اس سا ل اب تک تقریباً31دہشت پسندونکو ہلاک کیا گیاہے جن میں سے زیادہ تر پاکستانی تھے۔

فوجی سربراہ نے کہا کہ بھارت کسی بھی طرح کی جنگ کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہے اور دہشت پسندی کو بڑھاوا دینے والوں کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہاکہ آپریشن سندور محض ایک جھلک تھی ، جو 88گھنٹوں میں مکمل ہو گیا ۔

حادثہ

سعودی عرب میں ایک دلخراش حادثے میں کم سے کم 45افراد جان بحق ہو گئے ہیں، جن میں سے بیشتر کا تعلق تلنگانہ کے حیدر آباد سے ہے۔معلوام ہوا ہے کہ یہ حادثہ مدینہ میں ایک بس کو پیش آیا ، جس میں قریب 46لوگ سوار تھے۔ زندہ بچنے والا واحد مسافر اسپتال میں زیر علاج ہے ۔

نے کہا کہ 9نومبر VC Sajjanar نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے حیدر آباد کے پولیس کمشنر کو حید ر آباد سے 54عازمین کرام عمر ہ کی غرض سے جدہ روانہ ہوئے تھے اور ان کی واپسی 23نومبر کو طے تھی۔

PMدکھ

وزیر اعظم نریندر مودی نے حادثے پر شدید رنج و غم کا اظہا رکرتے ہوئے جان بحق ہوئے افراد کے اہل خانہ سے یکجہتی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ ریاض مینہمارا سفارتخانہ اور جدہ میں قونصل خانہ سعودی حکام کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے اور متاثرین کو ضروری مدد پہنچائی جا رہی ہے ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس حادثے پر شدید ر نج و غم کا اظہا رکیا ہے۔ انہوں نے جان بحق ہونے والوں کی جنت نشینی کیلئے دعا کرنے کے علاوہ لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ۔

رنج و غم

مدینہ حادثے میں دیگر کئی اہم شخصیات نے بھی رنج وغم کا اظہا رکرتے ہوئے لواحقین کے ساتھ تعزیت کی ہے ۔ ان میں نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ

اور جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین بھی شامل ہیں۔

بنگلہ دیش

بنگلہ دیش انٹر نیشنل کرائمز ٹریبونل 1نے ملک کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ اور ان کے سابق وزیر داخلہ اسد الزماں خان کمال کو انسانیت کے خلاف جرائم کا ارتکاب کرنے کی پاداش میں سزائے موت سُنائی ہے۔یہ فیصلہ آج ڈھاکہ میں غیر معمولی سکیورٹی انتظامات کے بیچ سہ رکنی بنچ نے سُنایا۔

پرسار بھارتی کے ڈھاکہ کے نمائندے Navalsang Parmar نے خبر دی ہے کہ راجدھانی کے پورے خطے میں سکیورٹی کو سخت کیا گیا ہے۔

تجزیہ نگارونکا ماننا ہے کہ اس فیصلے سے بنگلہ دیش کے سیاسی منظر نامے کی زبردست تشکیل نو عمل میں آ سکتی ہے ، جہاں جلد ہی قومی چناؤ منعقد کئے جانے کی توقع ہے۔

اجالا

لیڈر رویندر رینہ نے آج BJP اس دوران اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما اور سینئر اُجالا اسپتال سرینگر جا کر وہاں نو گام دھماکے میں زخمی ہوئے افراد اور اہلکاروں کی خبر پرسی کی ۔

جنتادل یونائٹیڈ جمونکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بھی اُجالانوگام دھماکے میں زخمی ہوئے افراد کی عیادت کی ۔انہوں نے کہاکہ اس حادثے میں انتظامی غفلت کا ارتکاب ہوا ہے ۔ شاہین نے متاثرین کیلئے مناسب معاوضے کا مطالبہ کیا ۔

PDP

پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی نے نوگام پولیس اسٹیشن میں ہوئے دھماکے کی آزادنہ تحقیقات کرانے اور تمام متاثرین کو مناسب معاوضہ فراہم کرنے کا مطالبہ کیاہے ۔

پارٹی کے جنرل سیکریٹر محمد خورشید عالم نے آج سرینگر کے ایک اسپتال میں زخمی اہلکاروں کی عیادت کی ۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

لیڈر التجا مفتی نے آج سویہ بگ بڈگام جا کر نوگام دھماکے میں جاں بحق ہونے PDP دریں اثنا والے نائب تحصیلدار مظفر احمد خان کے اہل خانہ کی ڈھارس بندھائی ۔انہوں نے غمزدہ کنبے کے ساتھ دلی یکجہتی کا اظہا رکیا۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے ایک اعلیٰ سطح کے وفد نے آج پارٹی کے سینئر لیڈر اور وزیرا علیٰ کے جا کر وہاں نوگام حادثاتی دھماکے میں HMT مشیر ناصر اسلم وانی کی قیادت میں قمر واری اور جان بحق ہوئے کانسٹیبل شوکت احمد شیخ اور ہیڈ کانسٹیبل اعجاز افضل میر کے اہل خانہ کی ڈھارس بندھائی۔

DGP

جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات نے آج کولگام ضلع کے چانسر علاقے کا دورہ کرکے وہاں نوگام حادثے میں جان بحق ہوئے کرائم فوٹو گرافر ارشد احمد شاہ کے اہل خانہ کی ڈھارس بندھائی ۔

ارشد ان 9لوگوں میں سے تھا جو اس حادثے میں جان بحق ہوئے ہیں۔ہمارے نمائندے نے خبر دی کشمیر وی کے بردی ، پولیس ہیڈ کواٹر کے اسپیشل ڈی جی کارڈی IGP کے ہمراہDGP ہے کہ گیلانی اور دیگر سینئر پولیس افسران بھی تھے -SJM نیشن

سکینہ ایتو

کشمیر یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں خواتین قیادت کی ترقی کے بارے میں تین روزہ قومی ورکشاپ کا آغاز ہو گیاہے۔ ورکشاپ کا اہتمام یونیورسٹی کے سینٹر فار ویمن اسٹیڈیز اینڈ ریسرچ نے انسٹی چیوٹ آف ہوم سائنسز کے باہمی اشتراک سے کیاہے ، جس کا افتتاح وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کیا۔

اپنے خیالات کا اظہا رکرتے ہوئے وزیر موصو فہ نے کہا کہ اداروں کواس مقصد کیلئے مل کر کام کرنا چاہئے کہ خواتین کو عزت و وقار اور ہر قدم پر تعاون فراہم کیا جائے۔

اس موقعے پر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے کہا کہ کشمیر یونیورسٹی خواتین کو قائدانہ صلاحیتوں سے بہرہ ور کرنے کے راستے پر گامزن ہے۔

رانا

جنگلات و ماحولیات اور قبائیلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے شہری بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے ، رابطہ سہولیات کو بڑھانے اور ایکو ٹیور ازم کو فروغ دینے کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی زیر قیادت سرکار دو افتادہ علاقوں کی مساوی ترقی کیلئے وعدہ بند ہے ۔

وہ آج پونچھ ضلع کے مینڈھر علاقے میں بعض عوامی اور سیاحتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد اور افتتاح کرنے کے موقعے پر بول رہے تھے ۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیرکی طرف سے آج ایک پریس کانفرنس کا انعقادکیا گیا ، اس دوران یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے نامہ نگارونکو یونیورسٹی کی اب تک کی ترقی ، اختراعی سرگرمیوں اور مستقبل کے ویژن کے بارے میں تفصیلات فراہم کیں۔

وائس چانسلر نے یونیورسٹی کو ایک اختراع کی بنیاد والی اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ایک نتیجہ خیز ادارہ قرار دیتے ہوئے ادارے کی تدریسی اور تحقیقی سرگرمیوں کاتفصیلی خاکہ پیش کیا جس کی بدولت سکاسٹ کشمیر ملک کی زرعی یونیورسٹیوں کی فہرست میں ایک اعلیٰ مقام پر ہے ۔

اننت ناگ

جن جاتیہ گورو دیوس کے سلسلے میں یکم نومبر سے 15نومبر تکمنعقد کردہ تقریبات ضلع اننت ناگ میں سنیچر کو اختتام پذیر ہو گئی ۔

ضلع سطح کے اس پروگرام میں ضلع افسروں اور سیکٹورل سربراہوں نے شرکت کی جہاں گجرات سے وزیر اعظم نریندر مودی کی تقریر کو لائیو اسٹریم کرکے سُنا گیا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

RBI

جے اینڈ کے یونین ٹریٹری لیول بنکرس کمیٹی نے سرینگر اور جموں میں" آپ کی پونجی کیمپوں کا انعقاد Awareness آپ کا ادھیکار " کے موضوع کے تحت بیک وقت میگا سٹلمنٹ کم کیا تاکہ جموں کشمیر کے مختلف بینکوں، انشورنس کمپنیوں ، پنشن فنڈوں اور میوچول فنڈوں میں غیر دعو ے دارمالی اثاثوں کی موقعے پر ہی شناخت ، جانچ پڑتال اور واگذاری میں سہولت پیدا کی جا سکے۔

کے ریجینل ڈائریکٹر جمونچندر شیکھر آزاد // اور RBI جموں میں اس پروگرام کی نگرانی انوپ کمار شرما نے کی -AGM کےRBI سرینگر میں اس پروگرام کی نگرانی

کشمیرپولیس

مختلف جرائم کا ارتکاب کرنے والے مجرمونکو کیفر کردار تک پہنچانے کی اپنی کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے پلوامہ پولیس نے ایسے دو افراد کو گرفتار کر لیا ہے جو ایک لمبے عرصے سے مفرور تھے۔

گاندربل خلیل احمد پوسوال نے کرائم اینڈ سیکورٹی کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے SSP ہوئے ضلع میں جرائم اور سلامتی کے منظر نامے کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر انہوں نے فوجداری کے نئے قوانین پر من و عن عمل آوری یقینی بنانے پر زور دیا۔بارہمولہ پولیس کی جانب سے میٹنگونکا انعقاد کیا گیا۔ PCPG عوامی رابطہ کاری پروگرام کے تحت ضلع کے کئی علاقوں میں پولیس او ر عوام کے بیچ ملاقات کے ان پروگرام مینعام شہریوں ، طالب علموں اور سماج کے معزز شخصیات نے سرگرم شرکت دکھائی۔

جموں پولیس

نے ضلع پولیس افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں Amod Nagpure ادھمپورSSP جرائم کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ضلع کے سلامتی ڈھانچے کو بھی مستحکم کرنے کے امور کا بھی جائزہ لیا۔

غیر قانونی کان کنی کے خلاف اپنی کارروائیاں کو جاری رکھتے ہوئے سانبہ پولیس نے اس کام بھی شامل ہیں-Dumper میں ملوث 6گاڑیوں کو ضبط کیا ہے جن میں تین

میں شہید کانسٹیبل عبدالقیوم کے گھر جا Haddel Gandoh ڈوڈہ پولیس کی ایک ٹیم نے ضلع کے کے تحت کنبے کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔اس دوران ڈوڈہ Savera کر وہاں پروجیکٹ پولیس نے ضلع بھر کے کیمیائی کھادیں بیچنے والے ڈیلرونکی تفصیلی ویری فکیشن کی۔

نشہ

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں موسیقی کے ایک اُستاد ارشِد حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

باںڈی پورہ

معروف قومی روز نامہ ہندستان ٹائمز کے کشمیر بیورو چیف میر احسان نے آج لہر وال پورہ شری گورنمنٹ سکینڈری اسکول کا دورہ کرکے وہاں طالب علموں اور اساتذہ PM بانڈی پورہ میں سے بالمشافہ بات چیت کی ۔انہوننے خاص طور پر ایشیا کی سب سے بڑی صاف پانی والی جھیل ، جھیل ولر کی تواریخی اہمیت کو موضوع بنایا۔

اسے قبل اسکول کے ہیڈ ماسٹر جاوید جواد نے مہمان صحافی کا تعارف کرتے ہوئے صحافت کے پیشے پر روشنی ڈالی ۔

صنعت کاری

موجودہ مرکزی سرکار کی توجہ دیگر شعبوں کے ساتھ ساتھ صنعت کاری اور کار خانہ داری پر بھی زبردست طریقے سے مرکوز ہے۔اس مقصد کیلئے ملک بھر میں سٹارٹ اپس کی تعداد میں لگاتار اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔ان شعبوں کاملک کی ترقی میں ایک  قابل قدر رول مانا جا رہا ہے ۔

Aubidکے سینئر اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر"The Business School"جموں یونیورسٹی میں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو مزید بتایا۔Hussain Parray

پوسٹ ماسٹر

نے جموں کشمیر پوسٹل سرکل کے DSVR Murthy انڈین پوسٹل سروس کے 1998بیچ کے آفیسر چیف پوسٹ ماسٹر جنرل کا عہدہ سنبھال لیا ہے۔

آندھرا Vijayawarda افسر موصوف اس سے پہلے پوسٹ ماسٹر جنرل کے عہدے پر رہ کر پردیش میں خدمات انجام دے چکے ہیں۔

BJP

کے ترجمان ڈاکٹر ابھی جیت جسروٹیہ اور رجنی سیٹھی نے میڈیا انچارج پردیپ مہو BJP پردیش ترا کے ہمراہ پارٹی ہیڈ کواٹر جموں میں ایک پریس کانفرنس کے دوران جمونکشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی کے اس بیان کی شدید نکتہ چینی کی ، جس میں موصوفہ نے ان کے بقول دلی دھماکے کو جموں کشمیر کی صورتحال سے جوڑ دیا تھا ۔

کی طرف سے آج جموں کشمیر میں قومی یکجہتی اور حب الوطنی کا جذبہ پیدا کرنے BJP پردیش کے موضوع سے پد یاتراؤں کا اہتمام کیا گیا۔ یہ پروگرام بھار ت (Sardar@150) کی غرض سے مرد آہن کی 150ویں سالگرہ منانے کی تقریبات کی ایک کڑی ہے۔

BJP اننت ناگ

کی طرف سے اننت ناگ ضلع کے کھرم بجبہاڑہ میں ایک BJP قومی اتحاد دن کی مناسبت سے پروگرام منعقدکیا گیا ۔ پارٹی کے سینئر لیڈر صوفی یوسف نے اپنی تقریر میں ملک کو منظم کرنے میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کا نا قابل فراموش رول اجاگر کیا۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ بعدمیں اتحاد کیلئے ایک دوڑ بھی منعقد ہوئی جس میں بڑی تعداد میں طالب علموننے شرکت کی ۔

گیمز

جموں کشمیر میں 69ویں نیشنل اسکول گیمز کے تحت انڈور سپورٹس کمپلیکس جمونمیں انڈر19 گرلززمرے کے ٹائیک وانڈو کھیل مقابلوں کا انعقاد جاری ہے۔

آج کھیلے گئے مقابلوں میں کیندریا ودھیالیہ سنگٹھن، اُترا کھنڈ اور مہاراشٹر کے کھلاڑیوں کا پلڑا بھاری رہا ، جن کے کھلاڑیوں نے اپنے اپنے زمروں میں سونے کے تمغے حاصل کئے۔

نیشنل اسکول گیمز کے مقابلوں کا اہتمام محکمہ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس جموں کشمیر نے اسکول گیمز فیڈریشن آف انڈیا کی قیادت میں کیا ہے ۔

نے 63 کلو گرام زمرے میں گولڈ میڈل حاصل کیا Radhika SharmaکیKVS آج کے مقابلوں میں نے سونے کا میڈل جیت Siddhi Atul Bendale ، جبکہ46کلو گرام کے زمرے میں مہاراشٹر کی لیا۔

اسی طرح سے کل کھیلے گئے مقابلوں میں انڈر 19 کے 55 کلو گرام زمرے میں لداخ کی زہرا بتول جبکہ 42 کلو گرام زمرے مینکیرالہ کی Arti Jananir - نے سونے کے تمغے جیتے

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ان کھلاڑیوں نے کہا ۔

GST

جموں کشمیر میں GST - اصلاحات سے بنیادی سطح پر لوگ مستفید ہو رہے ہیں

ان اصلاحات سے مجموعی طور پرروز مرہ کی زندگی میں استعمال ہونے والی متعدد چیزوناور حیات بخش ادویات کی قیمتوں میں بھی کمی واقع ہوئی ہے۔

GST۔اصلاحات کے بارے میں کئی افراد نے اپنے تاثرات کا یوں اظہا رکیا

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 16.3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 1اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24 اعشاریہ7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ 1ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر6منٹ اور غروب آفتاب شام5 بجکر26منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ